جواب : حدیث نبوی ﷺ سے: حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آخری زمانے میں بڑے بڑے مکار اور جھوٹے پیدا ہوں گے جو تمہیں وہ باتیں سنائیں گے جو تم نے کبھی نہ سنی ہوں گی اور نہ تمہارے باپ دادا نے۔ تم ان سے بچنا اور انہیں اپنے سے بچانا وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں اور فتنہ میں نہ ڈال دیں۔ (مسلم شریف)

جس کام سے اسلام غالب اور کفر مغلوب ہو، مسلمان حاکم اور کافر غلام بنیں اُس کام سے غافل کرنے کے لیے........

غلام احمد قادیانی کا مشن اُمت مسلمہ کو علمائے کرام کو درس قرآن اور جہاد بالسیف سے دور کرنا تھا۔۔۔

غلام احمد قادیانی کا خط (جو اُس نے انگریز کو لکھا تھا):

''میں نے جہاد بالسیف سے مسلمانوں کو غافل کرنے کے

لیے قرآن وحدیث میں تاویلیں کرکر کے اتنی کتابیں، رسائل اور اشعار لکھے ہیں کہ اگر جمع کیے جائیں تو 50 الماریاں بھری جاسکتی ہیں۔ (تریاق القلوب صفحہ 25)

غلام احمد قادیانی کے اشعار فریضہ جہاد کے خلاف (ضمیمہ تحفہ گولڑویہ صفحہ ۳۹)

اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال — کہ دیں کے لیے حرام ہے یہ جنگ وقتال
اب آگیا مسیح جو دیں کا امام ہے — دیں کی تمام جنگوں کا اب اختتام ہے
اب آسماں سے نور خدا کا نزول ہے — اب جنگ اور جہاد کا فتویٰ فضول ہے
دشمن ہے وہ خدا کا جو کرتا ہے اب جہاد — منکر ہے وہ نبی کا جو رکھتا ہے یہ اعتقاد

؎ لباس خضر میں بہت سے رہزن بھی پھرتے ہیں
اگر دنیا میں رہنا ہے تو کچھ پہچان پیدا کر

''اور لڑو اُن سے یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی فتنہ
اور دین ہو جائے سارا ایک اللہ کا۔۔۔ (البقرہ ۱۹۳)

شروع سے آخر تک تمام فتنوں کا حل اللہ کے راستے جہاد میں ہی ہے۔ اِس لیے فتنوں کا خاتمہ کرنیوالے اللہ کے راستے ''جہاد فی سبیل اللہ'' سے مسلمانوں کو غافل کرنے کی غیر مسلموں کی اصل وجہ:

......فتنۂ خیبر: مرحب یہودی فتنہ باز کو واصل جہنم کروایا حضرت علیؓ کے ہاتھوں رحمت والے نبی ﷺ نے اللہ کے راستے جہاد سے ہی۔۔۔

......فتنہ اُبی بن خلف: نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخیاں کرنے والے کی گردن پر تلوار مار کر تڑپایا اُحد کے میدان میں خود تلوار والے نبی ﷺ نے اللہ کے

راستے جہاد سے ہی۔۔۔

(۱)......فتنہ ابو جہل کو نبی کریم ﷺ نے واصل جہنم کروایا بچوں کے ہاتھوں اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۲)......فتنہ منکرین نماز وزکوٰۃ کو ختم کیا حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۳)......حضرت عمرؓ نے روم وفارس قیصر وکسریٰ کے باطل نظاموں کے فتنوں کو ختم کر کے اسلام کے جھنڈے لہرا دیئے، اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۴)......حضرت علیؓ نے فتنہ خوارج کو ختم کیا اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۵)......فتنہ عیسائیت کی طاقت کو توڑ کر بیت المقدس کو فتح کیا سلطان صلاح الدین ایوبیؒ نے اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۶)......سومنات کے فتنوں کو ختم کر کے ہندوستان فتح کیا محمود غزنوی نے اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۷)......برطانیہ کے فتنے کو ختم کیا اکابرین علمائے دیوبند نے اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۸)......روس کے فتنے کو ختم کیا فرزندان دیوبند نے اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۹)......آج امریکہ کی گرتی ہوئی دیواروں کو آخری دھکا دے رہے ہیں مجاہدین اسلام اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

(۱۰)......آنے والا سب سے بڑا فتنہ دجال یہودی کو واصل جہنم کریں گے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے راستے ''جہاد'' سے ہی۔

﴿قرآن کی پکار﴾

وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَذَا الْقُرْآنَ مَهْجُوراً (الفرقان ۳۰)

''اور کہا رسول (ﷺ) نے اے میرے رب میری قوم نے ٹھہرایا ہے اس قرآن کو جھک جھک۔''

اس سے ظاہر یہ ہے کہ قرآن کو مہجور ومتروک کر دینے سے مُراد قرآن کا انکار ہے جو کفار ہی کا کام ہے۔۔۔مگر بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ جو مسلمان قرآن پر ایمان تو رکھتے ہیں۔۔۔مگر نہ اس کی تلاوت کی پابندی کرتے ہیں نہ اُس پر عمل کرنے کی وہ بھی اس حکم میں داخل ہیں۔حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:

''من تعلم القرآن وعلّق مصحفه لم يتعاهده ولم ينظر فيه جاء يوم القيٰمة متعلقاً به يقول يارب العٰلمين ان عبدك هذا اتخذنى مهجوراً فاقض بيني وبينه۔''

ذکرہ الثعلبی (قرطبی)

''جس شخص نے قرآن پڑھا مگر پھر اس کو بند کر کے گھر میں معلق کر دیا نہ اس کی تلاوت کی پابندی کی نہ اس کے احکام میں غور کیا، قیامت کے روز قرآن اُس کے گلے میں پڑا ہوا آیا گا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کرے گا کہ آپ کے

اس بندہ نے مجھے چھوڑ دیا تھا اب آپ میرے اور اس کے معاملہ کا فیصلہ فرمادیں۔''

(معارف القرآن جلد ششم صفحہ ۴۵۶ تا ۴۵۹)

قرآن کی دعوت کو پھیلانا جہاد کبیر ہے

"وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيرًا، یہ آیت مکی ہے جبکہ احکام کفار سے قتال وجنگ کے نازل نہیں ہوئے تھے اسی لیے یہاں جہاد کو بہٖ کے ساتھ مقید کیا گیا ہے۔ بہٖ کی ضمیر قرآن کی طرف راجع ہے معنی آیت کے یہ ہیں کہ قرآن کے ذریعہ مخالفین اسلام سے جہاد کرو بڑا جہاد، قرآن کے ذریعہ اس جہاد کا حاصل اس کے احکام کی تبلیغ اور خلق خدا کو اس کی طرف توجہ دینے کی کوشش ہے خواہ زبان سے ہو یا قلم سے یا دوسرے طریقوں سے اس سب کو یہاں جہاد کبیر فرمایا ہے۔'' (معارف القرآن جلد ششم صفحہ ۷۳۳)

ناظرین کرام: آپ نے آیات قرآن پاک بھی پڑھیں اور ان کا ترجمہ بھی دیکھا۔۔۔ احادیث بھی پڑھیں اور ان کا ترجمہ بھی دیکھا۔۔۔ اب ہم رائیونڈ کے بیانات نقل کر رہے ہیں۔۔۔ آپ نے اپنے علم وعقل سے اور ایمانداری سے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ان رائیونڈ کے بیانات کی کوئی مناسبت مندرجہ بالا آیات یا احادیث سے ہے۔

رائے ونڈ کے تبلیغی بیانات

مولانا خالد محمود صاحب آف گکھڑ نے بیان کیا ہے کہ 2007ء کے اجتماع کے موقع پر میں نے یہ بیان خود احمد بہاولپوری کی زبان سے سنا۔ فرماتے ہیں:

''دعوت کے کام کے علاوہ کسی کام میں نجات نہیں ہے۔۔۔ اگر کوئی یہ سمجھے کہ ہم لمبی ڈاڑھی اور لمبے بالوں کے ساتھ جہاد کا لبادہ اُوڑھ کر دعوت کے بغیر جنت میں چلے جائیں گے تو یہ خیال محال ہے۔۔۔ انہیں ان لمبے بالوں سے پکڑ کر فرشتے جہنم میں پھینک دیں گے۔۔۔ ہم نے دیکھا ہے جو لوگ دعوت کے بغیر دین کو چاہتے ہیں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوئے۔۔۔ پڑوس ملک (افغانستان) میں جہاد کے ذریعے اسلام آیا تھا۔۔۔ جہاد والے چلے گئے تو اسلام بھی معدوم ہوگیا۔۔۔ اس طرح کی کئی اور بھی مثالیں دنیا میں موجود ہیں جو دین بھی بغیر دعوت کے آتا ہے اس میں دوام نہیں ہوتا۔''

ایک اجتماع میں یوں گویا ہوئے۔۔۔

''کافروں سے لڑنے سے مدد نہیں آئے گی۔۔۔ مدرسہ خانقاہ میں زندگی گزارنے سے نبی کی محنت زندگی میں نہیں آئے گی۔''

❖ روزنامہ ایکسپریس گوجرانوالہ 29اپریل 2009ء بروز بدھ

''اسلحہ کے زور پر نفاذ شریعت غلط ہے رواداری کی تبلیغ کی جائے۔حاجی عبدالوہاب ---ہمارے نبی ﷺ نے کبھی طاقت کا استعمال نہیں کیا ---پُرامن طریقوں سے اللہ کا پیغام پھیلایا ہے --- اسلام کے نام پر انتہاپسندی قابل مذمت ہے --- طاقت کے بل بوتے پر اپنا عقیدہ نافذ نہ کریں ---دنیا بھر میں بھائی چارے کا پرچار کیا جائے ---علماء کو اسرائیل سمیت پوری دنیا کو امن بھائی چارے اور رواداری کا سبق دینا چاہیے ---''

اسلام آباد کے اجتماع کے آخری روز علمائے کرام کے بیانات۔

❖ پروفیسر بہاولپوری کہتا ہے:

''دوسری صدی ہجری سے کوئی جہاد نہیں ہورہا، اسلاف کے مرے ہوئے سانپ کو مار کر جہادی بنے ہوئے ہیں ---''

❖ پروفیسر بہاولپوری کہتا ہے:

''صحابہؓ بدر وحنین میں اسلحہ لے کر نہیں جاتے تھے --- میں چیلنج سے کہتا ہوں اور پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں ---''

❖ پروفیسر بہاولپوری کہتا ہے:

''کافر مسلمانوں کو مارتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے مقرر شدہ بات ہے۔کافروں کا کوئی قصور نہیں ---''

❖ پروفیسر بہاولپوری کہتا ہے:

''تم تو رحمۃ اللعالمینؐ کے اُمتی ہو تم خواہ مخواہ اُن کفار کے پیچھے پڑ گئے ہو، جس طرح باؤلے کتے کو خون کا چسکا پڑ جاتا ہے ---''

❖ پروفیسر بہاولپوری کہتا ہے:

''میں اُس جہاد کو نہیں مانتا جس میں مسلمانوں کو جوتے پڑیں'' --- معاذ اللہ

❖ کافر ہمارے راستے میں جب رکاوٹ بنیں گے تو جہاد ہوگا --- اب تک وہ ہمارے راستے میں رکاوٹ نہیں ہیں اس لیے جہاد نہیں ہے۔

❖ اعمال جب بنیں گے تو کافروں سے اللہ تعالیٰ خود نمٹ لے گا --- جہاد و اسلحہ کی ضرورت نہیں --- نہ ہم کو اسلحہ اُٹھا کر میدان میں آنے کی ضرورت ہے --- بس ہم اعمال بنائیں گے --- کام اللہ تعالیٰ کرے گا۔

❖ قرآن میں بہت ساری آیات ہیں جو کفار سے درگزر کا حکم دیتی ہیں --- پھر --- جہاد کیسا ---؟

❖ اسلام اخلاق سے پھیلا ہے تلوار سے نہیں پھیلا ہے --- لہٰذا جہاد کی جگہ اخلاق سے کام لو ---

ناظرین کرام: مندرجہ بالا تبلیغی بیانات آپ نے پڑھے اور اُس سے بھی بالا قرآن پاک کی آیات مع ترجمہ اور احادیث مع ترجمہ آپ نے

پڑھیں۔۔۔اب آپ نے فیصلہ کرنا ہے درمیان میں جو تبلیغی بیانات ہیں وہ قرآنی آیات سے ملتے ہیں یا ''داستان ایمان فروشوں کی'' ان واقعات سے ملتے ہیں۔۔۔

یہود ونصاریٰ کی اسلام اور جہاد کے خلاف منظم جدوجہد۔۔۔

﴿تاریخ سے اَخذ کی گئی تلخ حقیقتیں﴾

مسلمانوں کے روپ میں یہودی عالم۔۔اور۔۔اُس کا وعظ:

''جہاد کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کی زمین پر قبضہ کرنے کے لیے ان کی گردنیں کاٹو۔۔۔جہاد کا مطلب قتل وغارت نہیں ،خون خرابہ نہیں۔''

اس نے قرآن سے ایک آیت پڑھی اور اس کی تفسیر یوں بیان کی:

''یہ علم میرا نہیں ،یہ فرمان خداوندی ہے کہ تم بدی اور گناہ کے خلاف لڑتے ہو تو اسے جہاد کہتے ہیں جو ہم سب پر فرض کردیا گیا ہے،کیا تم نے نہیں سنا کہ اسلام تلوار کے زور سے نہیں پیار کے زور سے پھیلا ہے۔؟ جہاد کی شکل بعد میں آ کر بگڑی ہے اور یہ انہوں نے بگاڑی ہے جو بادشاہی کے دلدادہ ہیں۔عیسائی بھی دوسروں کے ملکوں کو اپنی سلطنت بنانے کے لیے جنگ وجدل کو مقدس جنگ کہتے ہیں اور مسلمان بھی اسی

ارادے سے قتل وغارت کو جہاد کہتے ہیں۔یہ صرف حکومتیں اور بادشاہیاں قائم کرنے کے ڈھنگ ہیں۔لوگوں کو مذہب کے نام پر بھڑکا کر لڑایا جاتا ہے۔اور اس طرح بادشاہیوں کی بنیادیں مضبوط کی جاتی ہیں۔''

''تو کیا امیر مصر صلاح الدین ایوبی ہمیں گمراہ کرکے لڑا رہا ہے۔۔۔؟

اُس آدمی نے پوچھا جس نے جہاد کا صحیح مطلب سمجھنا چاہا تھا۔۔۔۔

''نہیں!'' عالم نے جواب دیا:

''صلاح الدین ایوبی پر اللہ کی رحمت ہو۔اُسے بڑوں نے جو بتایا ہے وہ سچے مسلمان کی حیثیت سے پوری نیک نیتی سے اُس پر عمل کررہا ہے۔اس کے دل میں عیسائیوں کی نفرت ڈال دی گئی ہے۔وہ اس کے مطابق عمل کرر ہا ہے،ذرا غور کرو کہ عیسائی اور مسلمان میں کیا فرق ہے،دونوں کا نبی مشترک ہے آگے آ کر ذرا اختلاف ہوگیا ہے،حضرت عیسیٰ محبت اور امن کا پیغام لائے تھے۔ہمارے رسول ﷺ بھی محبت کا پیغام دے گئے ہیں ۔۔۔پھر تلوار اور زرہ بکتر کہاں سے آ گئی۔۔۔؟ یہ اُن لوگوں کی لائی ہوئی چیزیں ہیں جو خدا کی اتنی پیاری زمین پر جس پر صرف اُسی ذات باری کی حکمرانی ہے،وہ اپنی حکومت قائم کرتے اور خدا کے بندوں کو اپنا غلام بناتے ہیں۔۔۔میں امیر مصر کے دربار میں حاضری دوں گا

اوراس کی خدمت اقدس میں جہاد کا صحیح نقطۂ نظر واضح کروں گا۔امیر صلاح الدین ایوبی نے صحیح جہاد شروع کررکھا ہے جو جہالت اور بے علمی کے خلاف ہے،اس نے خطبے سے خلیفہ کا نام نکال کر بہت بڑا جہاد کیا ہے۔اس نے مدرسے کھول کر بھی جہاد کیا ہے۔۔۔"

یہود ونصاریٰ بھی مدارس عربیہ کے خلاف تھے:

"لیکن مدرسوں میں یہ خرابی ہے کہ جہاں مذہب اور معاشرت کی تعلیم دی جاتی ہے ،وہاں عسکری تربیت بھی دی جاتی ہے،بچوں کو خدا کے نام پر غارت گری کے سبق دیئے جاتے ہیں ،انہیں تیغ زنی ،اور تیر اندازی بھی سکھائی جاتی ہے۔۔۔جب تم اپنے بچوں کے ہاتھوں میں تلوار اور تیر کمان دوگے تو انہیں یہ بھی بتاؤ گے کہ ان سے وہ کسے ہلاک کریں۔۔۔ظاہر ہے کہ تم انہیں کچھ انسان دکھاؤ گے اور کہو گے وہ تمھارے دشمن ہیں،انہیں ہلاک کرو۔۔۔"

حکومت اسلامی کے ایک اہم شعبہ پر کاری ضرب:

ایک نقطۂ نظر اور سمجھ لو۔۔۔۔۔!

"تم زکوٰۃ بیت المال کو دیتے ہو۔۔۔ بیت المال حاکم وقت کا ہوتا ہے۔۔۔زکوٰۃ غریبوں اور ناداروں کا حق

ہے۔۔۔حاکم وقت غریب اور نادار نہیں ہوتا۔۔۔تمہاری زکوٰۃ جو بیت المال میں جاتی ہے اس سے گھوڑے اور ہتھیار خریدے جاتے ہیں جو انسانوں کو ہلاک کرنے کے کام آتے ہیں۔۔۔لہٰذا جو فرض تم ادا کرکے جنت میں جاسکتے ہو وہ فرض ادا کرکے بھی تم دوزخ میں ٹھکانا بناتے ہو۔۔۔لہٰذا زکوٰۃ بیت المال میں نہ دو۔"

یہودی عالم نے موضوع بدلا اور کہا۔۔۔:

"ان بیویوں کو اور اپنی بیٹیوں کو گھروں میں چھپا کر رکھو۔۔۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ جوان لڑکیوں کو بھی عسکری تربیت دی جارہی ہے۔۔۔اور انہیں بھی گھڑسواری اور شترسواری سکھائی جارہی ہے۔۔۔زنانہ مدرسوں میں انہیں زخمیوں کی مرہم پٹی اور انہیں سنبھالنے کے طریقے سکھائے جارہے ہیں تاکہ وہ میدان جنگ میں زخمیوں کو سنبھالیں اور اگر ضرورت پڑے تو لڑیں بھی۔۔۔ یہ ایک بدعت ہے۔۔۔اپنی لڑکیوں کو اس بدعت سے بچاؤ۔۔۔ یہ باتیں اپنے ان دوستوں اور پڑوسیوں کو بھی سناؤ جو مسجد میں نہیں آتے۔۔۔خدا کے احکام اور کارناموں میں مت دخل دو۔یہ بہت بڑا گناہ ہے۔۔۔"

(داستان ایمان فروشوں کی جلد اول،صفحہ ۳۰۱ تا ۳۰۳)

ہرمن یہودی کا بیان سلطان ایوبی کے سامنے:

"مسلمان۔۔۔ درویشوں، فقیروں، وظیفے اور چلّے کرنے والوں عاملوں اور مولویوں اور کٹیا میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرتے رہنے والے مجذوب قسم کے لوگوں کے فوراً مرید بن جاتے ہیں۔۔۔ درویشوں وغیرہ کا یہ گروہ اسلامی فوج کے اُن سالاروں کے خلاف ہے جنہوں نے ہمارے خلاف جنگیں لڑ کر شہرت حاصل کی ہے۔۔۔ یہ درویش اپنے متعلق لوگوں کو یقین دلاتے ہیں کہ خدا اُن کے ہاتھ میں ہے اور وہ خدا کے خاص بندوں میں سے ہیں۔۔۔ وہ صرف نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔۔۔ ان میں میدان جنگ میں جانے کی ہمت اور جرأت نہیں۔۔۔ لہٰذا وہ گھر بیٹھے وہی شہرت حاصل کرنا چاہتے ہیں جو سالاروں نے جہاد میں حاصل کی ہے۔۔۔ اگر دیانت داری اور غیر جانبداری سے دیکھا جائے تو مسلمانوں کے یہ فوجی لیڈر جن میں صلاح الدین ایوبی اور نورالدین زنگی بھی شامل ہیں قابل تحسین انسان ہیں۔۔۔ ان میں سے جنہوں نے یورپ تک اسلام پھیلایا اور سپین کو اپنی سلطنت میں شامل کرلیا تھا بجا طور پر حق رکھتے ہیں کہ قوم اپنی عبادت میں بھی ان کا نام لے مگر اُن کے خلیفوں نے اپنا نام

عبادت میں شامل کر کے فوجی لیڈروں کی اہمیت گھٹا دی۔۔۔ اس کے ساتھ مسلمانوں میں نام نہاد عالموں اور اماموں کا ایک گروہ پیدا ہوا جو عمل سے گھبراتا تھا۔۔۔ یہ گروہ خلیفوں (بزرگوں) کی آڑ میں جہاد کے معنی مسخ کر رہا ہے۔۔۔ تاکہ لوگ جہاد میں جانے کی بجائے ان کے گرد جمع ہوں۔۔۔ مسلمانوں کی یہ کمزوری ہمیں بہت فائدہ دے رہی ہے، میں مسلمانوں کو اسلام ہی کی باتیں سنا سنا کر اسلام کی بنیادی رُوح (جہاد) سے دُور لے جا رہا ہوں۔۔۔" تاریخ گواہ ہے کہ یہودیوں نے نظریاتی تخریب کاری کر کے اسلام کو کافی حد تک کمزور کر دیا ہے، میں انہی کے اصولوں پر کام کر رہا ہوں۔۔۔"

(داستان ایمان فروشوں کی، جلد دوم صفحہ ۴۳،۴۴)

آگے چل کر ہرمن نے کہا:

محترم سلطان:

"یہ جنگ جو ہم لڑ رہے ہیں یہ میری اور آپ کی یا ہمارے بادشاہوں کی اور آپ کی جنگ نہیں یہ کلیسا اور کعبہ کی جنگ ہے، جو ہمارے مرنے کے بعد بھی جاری رہے گی۔۔۔ ہم میدان جنگ میں نہیں لڑیں گے۔۔۔ ہم کوئی ملک فتح نہیں کریں گے۔۔۔ ہم مسلمانوں کے دل و دماغ کو فتح کریں

گے ۔۔۔ہم مسلمانوں کے مذہبی عقائد کا محاصرہ کریں گے۔۔۔ ہماری یہ لڑکیاں ۔۔۔ہماری دولت اور ہماری تہذیب کی کشش جسے آپ بے حیائی کہتے ہیں اسلام کی دیواروں میں شگاف ڈالیں گی ۔۔۔پھر مسلمان اپنی تہذیب سے نفرت اور یورپ کے طور طریقوں سے محبت کریں گے ۔۔۔وہ وقت آپ نہیں دیکھیں گے میں نہیں دیکھوں گا ہماری روحو ہیں دیکھیں گی ۔۔۔سلطان ایوبی ہرمن کی باتیں بڑے غور سے سن رہا تھا ۔۔۔ہرمن کہہ رہا تھا ہم نے فارس، افغانستان یا ہندوستان پر قبضہ کیوں نہیں کیا ہم نے عرب کو کیوں میدان جنگ بنایا ہے صرف اس لیے کہ ساری دنیا کے مسلمان اسی خطے کی طرف منہ کر کے عبادت کرتے ہیں۔ یہاں مسلمانوں کا کعبہ ہے ۔۔۔ہم مسلمانوں کے اس مرکز کو ختم کر رہے ہیں ۔۔۔آپ کا عقیدہ ہے کہ آپ کے رسول ﷺ مسجد اقصیٰ سے آسمانوں پر گئے تھے ۔۔۔ہم نے اس کی منڈیر پر صلیب کو رکھ دیا ہے۔۔۔سلطان ایوبی نے کہا میں بیت المقدس کو فتح کرنے جا رہا ہوں ۔۔۔ ہرمن نے کہا پھر کیا ہو گا ۔۔ پھر آپ اس دنیا سے اُٹھ جائیں گے مسجد اقصیٰ پھر ہماری عبادت گاہ بن جائے گی ۔۔۔میں جو پیش گوئی کر رہا ہوں یہ اپنی اور آپ کی قوم کی فطرت کو بڑے غور سے دیکھ کر

کر رہا ہوں ۔۔۔ہم آپ کی قوم کو ریاستوں اور ملکوں میں تقسیم کر کے انہیں ایک دوسرے کا دشمن بنا دیں گے۔۔۔اور فلسطین کا نام و نشان نہیں رہے گا۔۔۔یہودیوں نے آپ کی قوم کے لڑکوں اور لڑکیوں میں لذت پرستی کا بیج بونا شروع کر دیا ہے۔ اب ان میں کوئی نور الدین زنگی اور صلاح الدین ایوبی نہیں پیدا ہو گا۔۔۔

(داستان ایمان فروشوں کی جلد پنجم صفحہ ۱۹۶)

کھنڈر والے درویش کی نصیحت:

ایک روز ان دیہات میں جو سب سے بڑا گاؤں تھا وہاں کی مسجد کے پیش امام سے لوگوں نے استفسار کیا۔۔۔اُس (پیش امام) نے کہا:

"وہ مقدس انسان ہے ۔۔۔صرف نیک لوگوں سے ملتا ہے۔۔۔نیک وہ ہوتا ہے جو خون خرابہ نہ کرے ۔۔۔صلح اور اَمن کی زندگی بسر کرے ۔۔۔یہ مقدس درویش حضرت عیسیٰؑ کا پیغام لایا ہے ۔۔۔اس پیغام میں محبت ہے ۔۔۔جنگ وجدل نہیں ۔۔۔اس پیغام میں یہ **نصیحت** ہے کہ کسی کو زخمی نہ کرو بلکہ زخمی کے زخموں پر مرہم رکھو۔۔۔اگر تم لوگ ان اصولوں پر زندگی بسر کرو گے تو یہ درویش تمھاری کایا پلٹ دے گا۔۔۔"

"جب ایک امام مسجد نے بھی اس مقدس درویش کو اور اس کی آواز کو برحق کہ دیا تو کسی شک وشبہ کی گنجائش نہ رہی ،لوگوں کے ٹھٹھ کھنڈورں میں جانے لگے تو اعلان ہوا کہ ہر جمعرات کے روز اندر جانے کی اجازت ہوگی اور شام کو میلہ لگا کرے گا ،چنانچہ اُس روز سے جمعرات کا دن مخصوص ہوگیا۔۔۔اور اس کے ساتھ ہی عورتوں کو بھی وہاں جانے کی اجازت مل گئی۔۔۔اب کھنڈروں کے اندر اپنی مرضی سے کوئی نہیں جا سکتا تھا ،جمعرات کے روز ان اردگرد میلے کا سماں ہوتا تھا ۔۔۔ دُور دُور سے لوگ اونٹوں ،گھوڑوں اور خچروں پر پیدل بھی آتے اور شام کو کھنڈروں میں جانے کے وقت کاا نتظار کرتے تھے ۔۔۔ اندر کی سنسنی خیز دنیا میں انقلاب آگیا۔۔۔ وہاں اب لوگوں کو گناہ اور نیکی کے ،تاریکی اور روشنی کے تصورات ایسی صورت میں نظر آتے تھے کہ لوگ انہیں مجسم اور متحرک صورت میں دیکھتے اور حیرت زدہ ہوتے تھے کہ کسی کو کوئی اُلٹا سیدھا سوال اور شک کرنے کی جرأت نہیں ہوتی تھی ۔۔۔ اور نہ ہی وہ کسی سوال اور شک کی ضرورت محسوس کرتے تھے۔"

(داستان ایمان فروشوں کی ،جلد دوم صفحہ ۵۱،۵۲)

"مصر کے قائم مقام امیر (امیر العادل) نے ایک پیغام میں لکھا کہ ہماری زیادہ تر

فوج عرب میں لڑ رہی ہے ،یعنی سوڈانی فوج سے لڑنے کے لیے اپنی فوج کی قلت کا اظہار کیا۔۔۔"

سلطان صلاح الدین ایوبی نے جواباً کہا:

"میرے عزیز دوستو یہ الگ مسئلہ ہے کہ ہمارے پاس فوج تھوڑی ہے اور ہم دوسرا محاذ کھولنے کے قابل نہیں لیکن قرآن پاک اس فرمان سے گریز نہ کرو کہ کسی بھی خطے میں مسلمانوں پر کفار ظلم وتشدد کر رہے ہوں یا اُنہیں لالچ دے کر یا دھوکے سے عقیدوں سے گمراہ کر رہے ہوں اور ان کا قومی وقار اور دین وایمان خطرے میں ڈال دیا گیا ہو تو تمام دنیا کے مسلمانوں پر جہاد فرض ہو جاتا ہے۔"

(داستان ایمان فروشوں کی)

زعمائے اُمت بتائیں ان کاموں میں سے کون سا کام کفار نہیں کر رہے ،زمین کا کون سے خطہ ہے جہاں کفار مسلمانوں پر ظلم وتشدد نہیں کر رہے ،کیا کفار لالچ دے کر مسلمانوں کے عقیدوں سے گمراہ نہیں کر رہے ہیں کیا کفار نے مسلمانوں کے قومی وقار کو کس جگہ خطرے میں نہیں ڈالا ،کیا کفار مسلمانوں کے دین ایمان کو خطرے میں نہیں ڈال رہے۔ان حالات میں جہاد کے بارے میں ایسی لچر تاویلیں کر کر کے جہاد کا مفہوم بگاڑنا ۔۔۔ کہ اب جہاد کا وقت نہیں ہے۔۔۔جہاد کے بغیر اسلام پھیل رہا ہے۔۔۔قتل وغارت سے دہشت پھیلتی

ہے۔۔۔اور ایک پاگل بڈھا ہر سال یہ بات دھرا رہا ہے کہ:

''مسلمانوں کو جوتے پڑ رہے ہیں۔''

سفیر ختم نبوت واسیر ختم نبوت حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ نے تیرتی ہوئی آنکھوں اور بھرّائی ہوئی آواز میں فرمایا کہ:

''میں نے بنگال میں تبلیغ میں چار مہینے اُس وقت لگائے جب زیادہ سے زیادہ تبلیغی جماعت کا مطالبہ صرف چار مہینے ہوتا تھا۔اس کے باوجود میں نے جب تبلیغی جماعت والوں سے کہا کہ حضور ﷺ کی ختم نبوت کے موضوع پر مجھے ایک بیان کی اجازت دے دی جائے، تو تبلیغیوں نے کہا ہم مشورہ کرلیں۔ مشورہ میں یہ طے ہوا کہ۔۔۔''ہمارے بزرگوں کی یہ ترتیب نہیں ہے۔''

ترتیب اس لیے نہیں ہے کہ مولانا چنیوٹی صاحب اس مسئلہ ختم نبوت پر قرآن وحدیث کی روشنی میں دلائل بھی دیں گے اور منکرین ختم نبوت کا رڈ بھی کریں گے۔۔۔اس لیے کہ اللہ کے کلام میں حضور ﷺ کی ختم نبوت کے دلائل بھی ہیں جیسے: ماکان محمد ابا احد من رجال کم ولاکن رسول اللہ وخاتم النبیین۔۔۔الخ اور حضور ﷺ کی زبان مقدس سے منکرین ختم نبوت کا رڈ بھی موجود ہے: اناخاتم النبیین لانبی بعدی اب اللہ کے کلام اور حضور ﷺ کی مبارک زبان سے یہ دونوں باتیں ثابت ہیں۔

اس مقام پر زعمائے اُمت علمائے دیوبند سے چند سوالات ہیں:

(۱)...... اللہ کے رسول ﷺ کی ترتیب کے خلاف تبلیغیوں نے بزرگوں کی ترتیب کہاں سے لی ہے۔

(۲)...... اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے مقابلے میں جو ترتیب ہوگی وہ اسلام ہوگا یا کفر

(۳)...... جب تبلیغی مسجد میں کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کے نورانی طریقوں میں کامیابی کا یقین اور حضور ﷺ کے نورانی طریقوں سے ہٹ کر ناکامی کا یقین ہمارے دلوں میں آجائے تو اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی ترتیب کے مقابلے میں بزرگوں کی ترتیب اپنا کر تبلیغی کامیاب ہوں گے یا ناکام۔؟

(۴)...... اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی ترتیب کے مقابل بزرگوں کی ترتیب میں انسانیت کا نفع ہوگا یا نقصان۔؟

(۵)...... اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی ترتیب پر بزرگوں کی ترتیب کو مقدم رکھنے سے رحمٰن خوش ہوگا یا شیطان۔؟

(۶)...... اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی ترتیب کے مقابلہ بزرگوں کی ترتیب بغاوت کہلائے گی یا ایمان۔؟

☆...... بزرگوں کی ترتیب کے نام پر مرکز رائیونڈ میں ہر باطل پروان چڑھ رہا ہے۔۔۔

☆...... بزرگوں کی ترتیب کے نام پر ہر تبلیغی مرکز میں درس قرآن پر پابندی ہے۔۔۔

☆...... بزرگوں کی ترتیب کے نام پر جہاد کی کھلی مخالفت ہو رہی ہے۔۔۔

☆...... بزرگوں کی ترتیب کے نام پر دینی مدارس کے کی مخالفت ہو رہی ہے۔۔۔

☆...... بزرگوں کی ترتیب کے نام پر مرکز رائیونڈ کے بیانات یہود و نصاریٰ کے حق میں جاری ہو رہے ہیں۔۔۔

☆......بزرگوں کی ترتیب کے نام پر غیر تبلیغی علماء سے مساجد خالی کرائی جا رہی ہیں۔۔۔ حال ہی میں چک ۴۴ کی مسجد سے مولوی عبدالعزیز کو صرف اس لیے نکالا گیا کہ یہ درس قرآن دیتے ہیں اور تبلیغی نصاب نہیں پڑھتے۔۔۔اُس مسجد کے جاہل تبلیغیوں نے اس سے کہا کہ:

''نماز تو صرف فرض ہے، اور تبلیغ فرض عین ہے۔۔۔''

☆...... مولانا نوراللہ رشیدی مدرسہ عقیدہ الاسلام مسجد عبداللہ بن مسعودؓ الآصف پلازہ حسن نعمان کالونی سہراب گوٹھ کراچی نمبر ۳۸ نے جب درس قرآن شروع کیا تو وہاں کے تبلیغیوں نے کہا: ''مولانا آپ نے مرکز رائیونڈ سے اس درس قرآن کی اجازت لی ہے۔۔۔''

☆.....ایک ڈاکو کے مرنے پر زاہدان کے مولانا عبدالعزیز رو رہے تھے، کسی نے کہا ڈاکو کے مرنے پر رو رہے ہو۔۔۔مولانا نے فرمایا کہ: ''باہمت ڈاکو بے ہمت ہزار مولویوں سے بہتر ہے۔۔۔''

☆......مولانا انعام الحسن صاحب نے فرمایا:

''اگر یہ جماعت مدارس کی معاون رہی تو حق پر ہے۔۔۔نہیں تو بھٹک گئی۔''

☆...... حال ہی میں مرکز رائیونڈ میں کچھ قبر آخرت کی فکر رکھنے دین مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے لگاؤ رکھنے والے گرفت خداوندی کا خوف رکھنے والے چند ایک حضرات نے

ایک حقیقت کا انکشاف کیا ہے کہ:

''مرکز رائیونڈ میں کچھ دنوں سے کچھ حرام کام دیکھنے میں آ رہے ہیں۔''

اگر حرام کام ممبر رائیونڈ سے چلے گا تو ہدایت کہاں سے آئے گی۔۔۔یہ تحریر ۱۷ صفحات پر مشتمل ہے اور مرکز رائیونڈ میں بھی موجود ہے اور وہ حضرات اب بھی مرکز میں موجود ہیں۔۔۔

یہ سب کچھ دیکھ کر بھی علمائے کرام خاموش ہیں نا معلوم کیوں۔۔۔؟

انگریز کے تسلط کو توڑنے کے لیے علمائے اُمت نے کتنی قربانیاں دیں اور کتنی ماریں کھائیں۔۔۔مسئلہ ختم نبوت کے لیے کیا کیا قربانیاں دینی پڑی۔۔۔حال ہی میں مسئلہ عظمت اصحابؓ رسولؐ پر کتنے علماء کو خون دینا پڑا۔۔۔ تبلیغی بتا سکتے ہیں کہ مندرجہ بالا حضرات میں سے کس کس کو اعمال بد کی سزا۔۔۔اور کس کس کا ایمان نہیں بنا ہوا تھا۔۔۔کیا اس پوری اسلامی تاریخ سے تبلیغی بہاولپوری واقف نہیں ہے۔۔۔یا اس پوری اسلامی تاریخ کو تبلیغی بہاولپوری سے مسخ کرا کر کس کی نمک حلالی کر رہے ہیں۔۔۔یا تبلیغی بہاولپوری سے مجاہدین اسلام، غازیان حق کے کارناموں پر پانی پھیر کر کن آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔۔۔بہاولپوری کا یہ کہنا کہ: ''پہلے تین سو سال چھوڑ کر اب تک کوئی جہاد نہیں ہوا۔۔۔'' کیا یہ اس بات کی نشان دہی نہیں ہے کہ بارہ سو سال تک مسلمانوں نے جو کچھ اہل کفر و شرک کے خلاف کیا معاذ اللہ وہ غلط کیا۔۔۔؟

ناظرین کرام :یہ ہیں مندرجہ بالا یہود ونصاریٰ کے عزائم جن کو تبلیغی بزرگ کہہ رہے ہیں کہ: ''ہم نے اسرائیل سمیت پوری دنیا کو ساتھ لے کر چلنا ہے۔'' (بیان حاجی عبدالوھاب اجتماع اسلام آباد)

بنوری ٹاؤن کراچی میں مولانا طارق جمیل نے تقریر کی کہ:

''اسلام مدارس سے نہیں، تبلیغ سے پھیلا ہے۔''

اسلام تقریر سے بھی پھیلا ہے، تحریر سے بھی پھیلا ہے، تلوار سے بھی پھیلا ہے، اخلاق سے بھی پھیلا ہے، اکرام سے بھی پھیلا ہے، مدارس سے بھی پھیلا ہے، تصوف سے بھی پھیلا ہے، تبلیغ سے بھی پھیلا ہے۔ موقع کی مناسبت سے جیسے جیسے کوئی اسلام کے پھیلنے کی صورت بنتی چلی گئی اُسی اُسی صورت سے اسلام پھیلا ہے۔ کسی صورت سے بھی اسلام کے پھیلنے کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔۔۔

ہاں جس تبلیغ کی طارق جمیل بات کررہے ہیں موجودہ خودساختہ مروجہ تبلیغ اس تبلیغ سے تو اسلام تیزی سے مٹ رہا ہے۔۔۔ پھیل تو نہیں رہا ہے۔۔۔ مثلاً مساجد میں درس قرآن سے روکنا اسلام کے مٹانے کی ایک ناپاک سازش ہے۔۔۔ اور اس پر لچر بحث کرنا کے جو سامنے بیٹھے ہوتے ہیں وہ قرآن سمجھتے نہیں۔۔۔ ان احمقوں سے کوئی پوچھے کہ اگر دین کی کوئی بات سمجھ نہ سکے تو کیا اُسے سمجھانا چھوڑ دیا جائے۔۔۔ حق تو یہ ہے کہ اُسے اس وقت تک بار بار سمجھایا جائے جب تک وہ مکمل طور پر بات سمجھ نہ جائے۔۔۔

جبکہ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من

مدکر ''البتہ تحقیق ہم نے قرآن کو آسان کردیا پس ہے کوئی سمجھنے والا۔''

علمائے دیوبند بتائیں اس طرح کے لچر حیلوں بہانوں سے درس قرآن سے بے علم عوام کو دور رکھنا یہ تبلیغ دین ہے یا اسلامی عقائد سے دور رکھنے کی ایک ناپاک سازش ہے۔۔۔ مختلف حیلوں بہانوں سے جہاد کی مخالفت کرکے ہر سال بیس لاکھ کے اجتماع کے سامنے قادیانیوں کی طرح جہاد مخالف پالیسی خدمت دین ہے۔۔۔ یا۔۔۔ مسلمانوں کو یہود ونصاریٰ کا غلام بنانے کی سازش۔۔۔ دینی مدارس کی مخالفت میں بیان دے کر علم دین سے دور رکھنا خدمت دین ہے۔۔۔ یا۔۔۔ لوگوں کو بے علم رکھنے کی سازش ہے۔

معذرت کے ساتھ زعمائے اُمت علمائے دیوبند کی خدمت میں مؤدبانہ التماس۔۔۔ ایک مسجد میں درس قرآن حکماً بند کرانا۔۔۔ اگر کوئی خوف خدا رکھنے والا عالم دین درس قرآن بند نہ کرے۔۔۔ مسجد کے محراب میں درس قرآن دے رہا ہو۔۔۔ اُسی مسجد کے صحن میں اُسی ٹائم میں ''تبلیغی نصاب'' پڑھنا شروع کردینا۔۔۔ جو امام درس قرآن پر مُصر ہو اُس سے درس قرآن بند کرنے پر جھگڑا کرنا۔۔۔ کیا یہ مندرجہ بالا امور لا تسمعوا لھٰذا القرآن کے زمرے میں نہیں آتے۔۔۔ اگر اس زمرے میں آتے ہیں تو۔۔۔ علمائے اُمت کی اس قرآن دشمنی پر خاموشی کتمان حق نہیں کہلائے گی۔۔۔ مداہنت نہیں کہلائے گی۔۔۔ اور اس دین چوری پر خاموش علمائے کرام ان الذین یکتمون ما انزل اللہ کی وعید کے مستحق نہیں بنیں گے۔۔۔ فتقوا النار التی وقودھا الناس والحجارۃ۔۔۔۔

☆☆☆